PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1215 https://www.facebook.com/pakpgov

Most Immediate
Assembly Business

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2026/5548
Date, Peshawar the 27/04/2026/

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Home and Tribal Affairs Department.

Subject: - **JOINT RESOLUTION No. 243 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **22-04-2026** passed Per-Majority the following Joint Resolution No.**243** moved by Mr.Iftikhar Ullah Jan, Mr.Aftab Alam Minister for Law, Mr. Taj Muhammad Advisor to Chief Minister for Sports and Youth Affairs, Mr. Shafi Ullah Jan Minister for Information and Public Relation, Muhammad Arif Mr. Tufail Anjum, Mr. Fazal Hakeem, Mr. Fazal Shakoor Khan, Mr. Pakhtoon Yar Khan, Mr. Muhammad Abdul Salam, Mr. Anwar Zeb Khan, Mr. Sher Ali Afridi, Mr. Sultan Room, Syed Qasim Ali Shah, Mr. Akhtar Khan, Malik Adeel Iqbal and Mr. Zar Alam Khan Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

اس قرارداد کی رو سے یہ معزز ایوان اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ بانی پاکستان تحریک انصاف و سابق وزیر اعظم جناب عمران خان اور ان کی اہلیہ و سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی صحت کے حوالے سے سامنے آنے والی اطلاعات باعث فکر ہیں۔ اس کے علاوہ حکومت وقت نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کے وکلاء، فیملی اور دوستوں و سیاسی قیادت کی ملاقات کے بارے میں اسلام اباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات کے باوجود ان سے کسی قسم کی ملاقات نہیں کرائی جارہی اور عدالتی احکامات کی مسلسل خلاف ورزی کی جارہی ہے جو توہین عدالت کے زمرے میں آتا ہے جبکہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کو چھ ماہ سے Solitary Confinement میں رکھا ہوا ہے۔

یہ ایوان اس بات کو اجاگر کرتا ہے کہ ہر شہری بالخصوص قومی سطح کی اہم شخصیات کو آئین پاکستان کے تحت مناسب طبّی سہولیات اور انسانی حقوق کی فراہمی یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ چونکہ عمران خان ملک پاکستان کے کروڑوں لوگوں کے محبوب لیڈر ہیں اس لیے انکی صحت کی ذمہ داری براہ راست حکومت پنجاب اور وفاقی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔

لہذا یہ ایوان وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب سے پُر زور مطالبہ کرتا ہے کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کا فوری اور جامع طبّی معائنہ مستند اور غیر جانبدار میڈیکل بورڈ کے ذریعے کروایا جائے۔ ان کی صحت سے متعلق مکمل اور شفاف معلومات عوام کے سامنے پیش کی جائیں۔

وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب سیاسی اور انتقامی روش کو ترک کرے اور اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں پوری کرتے ہوئے انہیں بہترین ممکنہ طبّی سہولیات فراہم کرے تاکہ کسی بھی قسم کے طبّی خطرات سے بچا جاسکے۔ انسانی حقوق کے تقاضوں کے مطابق ان کیساتھ مناسب رویہ رکھا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت سے اجتناب کیا جائے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو فوری طور پر قید تنہائی سے نکالا جائے اور عدالتی احکامات پر فوری عملدرآمد کرتے ہوئے عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ان کے خاندان، وکلاء، سیاسی قیادت اور دوستوں کی ملاقات کا سلسلہ شروع کیا جائے اور ان کے خلاف جاری انتقامی و غیر انسانی کارروائیوں کو ختم کیا جائے۔ یہ ایوان اس امید کا اظہار کرتا ہے کہ وفاقی حکومت انسانی ہمدردی، آئینی ذمہ داریوں اور جمہوری اقدار کو مد نظر رکھ کر فوری اقدامات کرے گی۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

(AAMIR KHAN)
Assistant Secretary-II,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa